
# 13- رنگ برنگے کپڑے



لبنیٰ اپنے والدین کے ساتھ کپڑے خریدنے کے لیے بازار گئی۔اُس نے وہاں کپڑے کی دکان میں مختلف قسم کے کپڑے دیکھے۔لبنیٰ کے والدین نے لبنیٰ کیساتھ ساتھ اپنے لڑکے کے لیے اور اپنے لئے بھی کپڑے خریدے۔لبنیٰ کے والدین کس کس کے لئے کون کون سے کپڑے خریدے ہوں گے! غور کیجئے۔ذیل کے جدول میں لکھئے:

| لبنیٰ کے لیے خریدے ہوئے | لبنیٰ کے بھائی کیلئے خریدے ہوئے | والدہ کے لئے خریدے ہوئے | والد کے لیے خریدے ہوئے |
| --- | --- | --- | --- |
| | | | |

© SCERT not to be republished



لبنیٰ اور اسکا بھائی دونوں چھوٹے ہیں! ماں باپ بڑے لوگ ہیں! کیا ان سب کے لئے ایک ہی سائز کے کپڑے خریدے ہوں گے؟ یا مختلف سائزوں کے کپڑے خریدے؟ ذیل کی تصاویر دیکھئے ان میں کونسے بچوں کے لیے ہیں اور کونسے بڑوں کے لئے ہیں؟









چھوٹے بچوں کے استعمال کئے جانے والے کپڑے اور بڑے لوگوں کے لئے استعمال کئے جانے والے کپڑے الگ ہوتے ہیں! تو پھر آپ کے گھر میں چھوٹے بچے اور مرد حضرات، عورتیں پہننے کے کپڑے کونسے ہیں؟

**ذیل کے جدول میں لکھئے ؟**

| چھوٹے بچوں کیلئے استعمال کئے جانے والے کپڑے | مرد حضرات کیلئے استعمال کئے جانے والے کپڑے | عورتوں کے استعمال کئے جانے والے کپڑے |
| --- | --- | --- |
| | | |



**درج ذیل بالا کپڑوں میں آپ کو کونسے کپڑے پسند ہیں اور کیوں ؟**


لبنیٰ نئے کپڑے پہن کر ماہین کے گھر گئی یہ کپڑے بہت اچھے ہیں کہاں سے خریدے؟ ماہین نے پوچھا۔لبنیٰ نے کہا ہمارے بابا نے خریدے ہیں۔ ماہین نے کہا، ہمارے بابا بھی عید کے لئے کپڑے خرید کر سلوانے دیئے ہیں! لبنیٰ نے (Readymde) تیار ملبوسات پہنے ہیں،تو پھر ماہین کے والدین نے کپڑے سلوائے! تو آیئے اس طرح کون کون سے کپڑے سلوا کر اور کون کون سے (Readymde) تیار شدہ کپڑے استعمال کئے جاتے ہیں جانیں! اگر آپ ہوتے تو کون کونسے کپڑے سلواتے؟

**سلوائے بغیر پہنے جانے والے کپڑے کونسے ہیں؟**


ہم اپنے جسم کو گرمی، بارش اور سردی سے بچنے ظر رکھنے کپڑے استعمال کرتے ہیں۔ سردی، بارش سے بچنے کیلئے خصوصی کپڑے استعمال کیے جاتے ہیں۔ ذیل کی تصاویر دیکھئے۔ اس طرح کے کپڑے کب استعمال کیے جاتے ہیں، بتایئے ؟







© SCERT not to be republished



ہم سب کپڑے پہنتے ہیں۔ یہ ایک اہم ضرورت ہے مختلف مذاہب‘ مختلف علاقے اور مختلف تہذیبوں کے لوگ مختلف کپڑے پہنتے ہیں۔ذیل کی تصاویر دیکھئے انہیں کون پہنتے ہیں؟ ان کی خصوصیات کیا ہیں‘ بولئے ؟







عام طور پر عید، شادی و دیگر تقاریب کے موقع پر خصوصی کپڑے پہنے جاتے ہیں۔آپ بھی عید، تقاریب یا یوم پیدائش کے موقع پر کس قسم کے کپڑے پہنتے ہیں؟ آپ کے دوستوں سے پوچھئے کہ وہ کس طرح کے کپڑے پہنتے ہیں؟

اسکول جانے والے بچے اسکول کے مخصوص کپڑے پہنتے ہیں جسے یونیفارم کہتے ہیں! اسی طرح مختلف کام کرنے والے پیشہ ورافراد بھی کام کے وقت مخصوص کپڑے پہنتے ہیں۔ جیسے پولیس، ڈاکٹر، نرس، وکیل، پائلیٹ، باورچی وغیرہ۔

ذیل کی تصاویر دیکھئے ان میں کونسے کپڑے کونسے پیشہ وراَفراد پہنتے ہیں بتلایئے :

















© SCERT not to be republished




بس چلانے والے ڈرائیورز، کنڈکٹر، کلینز ودیگر کارخانوں میں کام کرنے والے کاریگر، بنک، بڑے بڑے کمپنیوں میں کام کرنے والے سیکوریٹی گارڈ جیسے لوگ بھی کام کے اوقات میں مخصوص کپڑے پہنتے ہیں۔ ہمارے ملک کی جانب سے مختلف کھیلوں کے مقابلوں میں شریک ہونے والے کھلاڑی بھی مخصوص کپڑے پہنتے ہیں۔

## تو پھر آپ کے علاقہ میں کون کونسے کام کرنے والے رہتے ہیں؟ وہ کیسے کپڑے پہنتے ہیں؟

ہم جان چکے ہیں کہ ہم کئی قسم کے کپڑے پہنتے ہیں! ہم کو کپڑے پہننا جتنا ضروری ہے' صاف ستھرے کپڑے پہننا اس سے بھی زیادہ ضروری ہے۔ روزآنہ صبح نہانے کے بعد دُھلے ہوئے کپڑے پہننا چاہیئے۔ ہمارے استعمال کی دستی اور تولیہ کو بھی روزآنہ دھولینا چاہیئے۔


کیا آپ جانتے ہیں؟ سوتی کپڑے، روئی کے دھاگے سے تیار کئے جاتے ہیں۔ ریشم کے کیڑوں سے حاصل ہونے والے ریشوں سے ریشمی کپڑے بنائے جاتے ہیں۔




## سابق میں کس طرح کے کپڑے پہنتے تھے ؟

آج کل ہم کئی اقسام کے کپڑے پہنتے ہیں ان میں سے بعض سلوا کر اور بعض راست تیار شدہ پہنتے ہیں۔ جنہیں ریڈی میڈ کہتے ہیں۔ سابق میں یعنی ہمارے آباواجداد اُن کے بچپن میں کس طرح کے کپڑے پہنتے تھے ہوں گے؟ اُسی طرح ہمارے ماں باپ' اُن کے بچپن میں کس طرح کے کپڑے پہنتے تھے ہوں گے؟ کیا وہ آج کے چھوٹے بچوں کے کپڑے ہی کی طرح تھے؟ معلومات حاصل کر کے جدول میں لکھئے ؟

| ماں باپ کے بچپن میں پہنے جانے والے کپڑے | آباواجداد کے بچپن میں پہنے جانے والے کپڑے | دورِحاضر کے بچوں کے پہنے جانے والے کپڑے |
|---|---|---|
| | | |




© SCERT not to be republished



## ہم ڈیزائن بنائیں گے !!

کوئی بھی کپڑا اُس کے اوپر موجود ڈیزائن اور رنگ کی وجہ سے خوشنما لگتا ہے۔اسی وجہہ سے کپڑے زیادہ تراسی بنیاد پر پسند کئے جاتے ہیں۔ذیل کے تصاویر دیکھئے،وہ کیسے ہیں ان میں آپ کا پسندیدہ ڈیزائین کونسا ہے؟اور کیوں؟ بتائیے؟





کیا آپ جانتے ہیں اس طرح ہم بھی ڈیزائن تیار کر سکتے ہیں ؟


### ☆ ڈیزائن تیار کرنے کے لئے اسطرح کیجئے:



آپ کے قریبی درزی کے پاس جا کر کپڑوں کے ٹکڑے حاصل کیجئے ایک بھینڈی لیجئے اسکو کاٹئے اس ٹکڑے کو رنگ یا روشنائی میں ڈبوئیے۔سفید کاغذ پر یا کپڑے کے ٹکڑے پر اُس کا نشان بنائیے آپ کے من پسند ڈیزائن تیار کیجئے۔اس طرح بھینڈی کے ٹکڑوں کے علاوہ آلو یا ہاتھ کی اُنگلیوں یا پیروں کے نشانات وغیرہ کو رنگوں میں ڈبو کر مختلف ڈیزائن تیار کئے جاسکتے ہیں۔

## کلیدی الفاظ


| | | |
|---|---|---|
| 1. کپڑوں کی ضرورت | 2. مختلف قسم کے کپڑے | 3. پیشے کے لحاظ سے کپڑے |
| 4. موسم کے لحاظ سے کپڑے | 5. صاف ستھرے کپڑے | 6. ڈیزائن |
| 7. تیار کپڑے Readymade | 8. سلے ہوئے کپڑے | 9. یونیفارم |



## ہم یہ سیکھ چکے ہیں

- کپڑے ہماری بنیادی ضرورت ہے۔ بڑے بچے، عورت و مرد مختلف قسم کے کپڑے پہنتے ہیں۔
- بعض لوگ Readymade کپڑے خریدتے ہیں تو بعض لوگ کپڑا خرید کر سلواتے ہیں۔
- تہذیب کے لحاظ سے عید، شادیوں کی تقاریب میں مخصوص کپڑے پہنتے ہیں۔
- مختلف پیشہ ور افراد کام کرتے وقت اُس پیشہ سے متعلق مخصوص کپڑے پہنتے ہیں۔
- موسم کے لحاظ سے مختلف کپڑے پہنتے ہیں۔
- کپڑوں پر رنگوں سے مختلف ڈیزائن بنائے جاتے ہیں۔

## یہ کیجئے :




### موادِ مضمون کا فہم :


1. ہم کپڑے کیوں پہنتے ہیں ؟
2. بچے عورتیں اور مردوں کے استعمال کئے جانے والے کپڑوں کی کوئی تین مثالیں لکھئے ؟
3. کون کونسے پیشے والے کس طرح کے مخصوص کپڑے پہنتے ہیں ؟
4. مردوں اور عورتوں کے کپڑوں میں مشابہت اور فرق لکھئے ؟
5. سلے ہوئے کپڑوں، تیار کپڑوں (ریڈی میڈ) میں کونسے کپڑے آپ کو پسند ہیں؟ کیوں ؟ تین وجوہات بتلائیے، لکھئے؟
6. ہم کو صاف ستھرے کپڑے پہننا چاہئے نا! کیوں ؟

### تصویر اُتاریئے، رنگ بھریئے :



1. ذیل کا ڈیزائن دیکھئے : آپ بھی اُتاریئے۔ آپ کا پسندیدہ رنگ بھریئے :





© SCERT not to be republished

2. آپ کے پسندیدہ کپڑوں کی تصاویر اتار کر رنگ بھریئے ؟

3. ساڑیوں پر مختلف قسم کے ڈیزائن ہوتے ہیں ! آپ بھی آپ کے گھر میں موجود ساڑیوں کو دیکھ کر اپنی پسند کے ڈیزائن کاپی میں اُتاریئے۔ آویزاں کیجئے ؟



## معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں ۔ منصوبہ کام :

1. آپ کے دوستوں سے معلومات حاصل کیجئے کہ اُنہوں نے عید کے موقع پر کس طرح کے کپڑے خریدے؟ جدول میں لکھئے

| سلسلہ نشان | دوست کا نام | عید کا نام | کونسے کپڑے خریدے | تیار کپڑے؟ سلوائے ہوئے؟ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

☆ زیادہ تر لوگ کون سے کپڑے خریدے؟ کن عیدوں کو خریدے ؟


☆ کیا زیادہ تر لوگ تیار کپڑے (ریڈی میڈ) خریدے؟ یا کپڑے خرید کر سلوائے ؟

2. آپ کے پسندیدہ ڈیزائن والے کپڑوں کے ٹکڑے اکٹھا کیجئے۔ انہیں چارٹ پر چسپاں کر کے آویزاں کیجئے ؟




## توصیف :

1. چند لوگوں کو پہننے کے لیے کپڑے نہیں ہوتے۔ اسی طرح 'آگ لگنے، سیلاب، زلزلے' طوفان وغیرہ کی وجہ سے بعض لوگ کپڑوں سے محروم ہو جاتے ہیں۔ اس طرح کے لوگوں کی ہم کیسے مدد کر سکتے ہیں ؟




**سوال کیجئے :** لبنٰی اپنے والدین کے ساتھ کپڑے خریدنے بازار گئی ! لبنٰی کے والدین خریداری کے دوران دوکاندار سے کسطرح کے سوالات کئے ہوں گے؟ کپڑوں کی خریداری کے وقت ہم کو کس طرح کے سوالات کرنا چاہیے؟





## کیا یہ میں کرسکتا / کرسکتی ہوں

- ☐ کپڑوں کی اہمیت بتا سکتا ہوں — ہاں/نہیں
- ☐ مختلف اقسام کے کپڑوں کی تفصیلات جدول میں درج کر سکتا ہوں — ہاں/نہیں
- ☐ مختلف پیشہ ور افراد کی جانب سے پہنے جانے والے مخصوص کپڑے شناخت کر سکتا ہوں — ہاں/نہیں
- ☐ صاف ستھرے کپڑے پہننے کی ضرورت جان چکا ہوں۔ لہٰذا صاف ستھرے کپڑے پہنوں گا۔ — ہاں/نہیں
- ☐ مختلف ڈیزائن کی تصاویر اُتار سکتا ہوں۔ — ہاں/نہیں
- ☐ مختلف قسم کے کپڑوں سے متعلق سوالات کر سکتا ہوں۔ — ہاں/نہیں



© SCERT not to be republished